# الیکشن کمیشن آف پاکستان

## پریس ریلیز

اسلام آباد، 24 مارچ 2020ء

**کروناوائرس کی وباء کے دوران کارسرکار سے متعلق ضروری ہدایات**

ملک میں پھیلتی ہوئی کروناوائرس کی وباء کے پیش نظر جناب سکندر سلطان راجہ چیف الیکشن کمشنر آف پاکستان نے الیکشن کمیشن سیکرٹریٹ، صوبائی الیکشن کمشنرز، ریجنل اور ضلعی الیکشن کمشنرز کے دفاتر میں سرکاری امور کی انجام دہی کے حوالے سے آج درج ذیل اقدامات کا حکم دیا ہے:

1۔ الیکشن کمیشن میں تعینات تمام خواتین (افسران اور ماتحت عملے کے ارکان) مورخہ 6 اپریل تک دفتر حاضری سے مستثنی ہونگے۔

2۔ الیکشن کمیشن کے جینڈر، پروٹوکول اور ٹریننگ ونگز مورخہ 6 اپریل تک بند رہیں گے۔

3۔ وہ تمام ملازمین جو بخار، نزلہ، زکام، کھانسی یا دیگر شدید بیماری میں مبتلا ہوں ان کو دفتر آنے سے استثنا حاصل ہوگا البتہ ان کو متعلقہ ونگ انچارج سے اس ضمن میں اجازت لینا ہوگی تاکہ کار سرکار میں کسی قسم کی کوئی رکاوٹ پیدا نہ ہو۔

4۔ الیکشن کمیشن سیکرٹریٹ کے 50% ملازمین کو مورخہ 25 مارچ سے 6 اپریل تک سرکاری امور کی انجام دہی کیلئے دفتر آنا ہوگا اور باقی 50% ملازمین اپنے گھروں میں رہیں گے اور کروناوائرس سے بچاؤ کی تدابیر پر سختی سے عمل پیرا ہوں گے۔

5۔ اسی طرح سکیورٹی کا 50% عملہ مورخہ 25 مارچ سے 6 اپریل تک ڈیوٹی دے گا اور باقی 50% عملہ اپنے گھروں میں رہے گا اور حفاظتی تدابیر پر عمل کریگا۔

6۔ دفتری امور کو مدنظر رکھتے ہوئے افسران وملازمین کی ڈیوٹیاں لگائی جائیں گی تاکہ کارسرکار کی بروقت اور مناسب انجام دہی میں کوئی رکاوٹ پیدا نہ ہو۔

7۔ مورخہ 25 مارچ سے 6 اپریل 2020 تک سرکاری امور کی انجام دہی کیلئے دفتری اوقات کار دورانیہ صبح 10 بجے تا دوپہر 2 بجے ہوگا۔

8۔ الیکشن کمیشن کے تمام افسران کروناوائرس کی وباء کے ختم ہونے تک اپنے اپنے ڈیوٹی سٹیشنز پر موجود رہیں گے تاکہ اس وائرس سے نمٹنے کیلئے حکومت یا کسی حکومتی ادارے کو الیکشن کمیشن سیکرٹریٹ یا فیلڈ آفس سے کسی قسم کی معاونت کی ضرورت پڑے تو ان کو ہر ممکن مدد کی فراہمی کو یقینی بنایا جاسکے۔ تاہم کسی ضرورت کے تحت سٹیشن چھوڑنے کی صورت میں افسر مجاز سے پیشگی اجازت لینا ضروری ہوگا۔

9۔ تمام افسران و ماتحت عملہ کے ارکان اس بات کو یقینی بنائیں گے کہ ہمہ وقت وہ اپنے فون نمبرز پر دستیاب ہوں تاکہ ضرورت پڑنے پر ان سے سرکاری امور کی انجام دہی کیلئے مدد لی جا سکے۔ چنانچہ وہ اپنے متعلقہ افسر سے مستقل رابطہ میں رہیں گے اور اس امر میں کوئی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔

10۔ کسی شدید تکلیف یا کرونا وائرس سے متاثر ہونے کی صورت میں متعلقہ افسر یا عملہ کے رکن کو الیکشن کمیشن کی طرف سے ہر ممکن مدد فراہم کی جائے گی۔

11۔ دفتر میں آنیوالے وزیٹرز کیلئے ایک مخصوص کمرہ مختص کیا جائیگا جہاں پر متعلقہ افسران و عملہ ان سے ملاقات کر کے ان کے دفتری امور سے متعلقہ مسائل حل کریں گے۔ کسی وزیٹر کو دفتر کے دیگر کمرہ جات میں جانے کی ضرورت نہیں ہے۔ یہ قدم حفظ ماتقدم کے طور پر اٹھایا گیا ہے۔

************